City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga twitter.com/citymississauga

Mississauga کے نئے میئر کے انتخاب کے لیے ضمنی انتخاب **10** جون **2024** کو منعقد ہو گا۔

31 جنوری 2024

آج، Mississauga سٹی کونسل نے میئر کی نشست کو پُر کرنے کے لیے 2024 کے ضمنی انتخابات کے شیڈول کی منظوری دے دی ہے۔میئر کے ضمنی انتخاب کی تاریخ بروز پیر مورخہ 10 جون 2024 ہے۔کونسل نے 17 جنوری 2024 کو باضابطہ طور پر میئر کی نشست کو خالی قرار دے دیا تھا اور یہ مورخہ 6 مارچ 2024 کو کونسل کے خصوصی اجلاس کے دوران ضمنی انتخاب کے انعقاد کے لیے درکار ضمنی قانون بھی پاس کرے گی۔
قانون سازی کے مطابق، جب اس عہدے کی مدت کے دوران اس مقام پر میئر کی نشست خالی ہو جاتی ہے، تو اس خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے ضمنی انتخاب کرانا ضروری ہوتا ہے۔Mississauga میں، یہ عہدہ سابق میئر بونی کرومبی کے استعفیٰ کی وجہ سے خالی ہو گیا تھا، جس کا اطلاق 12 جنوری 2024 کو ہو گیا تھا۔ لیجسلیٹو سروسز اینڈ سٹی کلرک، ڈیانا روسنوف نے کہا ہے کہ "آئندہ ضمنی انتخاب ہمارے رہائشوں کو Mississauga کے میئر کا اہم کردار ادا کرنے کے لیے ایک موزوں امیدوار کا انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔"ان کا مزید کہنا تھا کہ "ایک شہر کے طور پر، ہم ایک منصفانہ اور قابل رسائی انتخابات کے لیے پُرعزم ہیں جو ہمارے ہر اہل ووٹر کو اپنا ووٹ ڈالنے کا موقع فراہم کرے۔"

ضمنی الیکشن کا شیڈول

- 6 مارچ، 2024 – میئر کے ضمنی انتخاب میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھنے والے امیدواروں کے لیے نامزدگی کی مدت دن 3 بجے سے شروع ہو جائے گی۔
- 26 اپریل 2024 – امیدواروں کی نامزدگی کی مدت دن 2 بجے بند ہو جائے گی۔
- 24 مئی اور 25 مئی 2024 – ایڈوانس پول کے انتظامات سِوک سنٹر میں دستیاب ہوں گے
- 1 جون 2024 اور 2 جون 2024 – ایڈوانسڈ پولز شہر بھر کے مختلف مقامات پر کھلے رہیں گے
- 10 جون، 2024 – ووٹنگ کا دن

قائم مقام میئر

جب تک اسامی کو پُر نہیں کیا جاتا، کونسلرز ہر دو ماہ بعد تبدیل ہو کر وارڈ کے لحاظ سے ترجیحاتی بنیادوں پر اس عہدے کی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے۔
ضمنی انتخابات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، mississauga.ca/council/elections/ پر جائیں۔

پس منظر:

صوبائی قانون کے تحت، جب بھی کونسل کا کوئی رکن استعفیٰ دیتا ہے، تو سٹی کونسل کو اپنی اگلی میٹنگ میں باضابطہ طور پر سیٹ خالی ہونے کا اعلان کرنا چاہیے، جس کے بعد اس کے پاس خالی عہدے کو پُر کرنے کے لیے کسی اہل امیدوار کا تقرر کرنے یا ایک ضمنی قانون پاس کرنے کے لیے 60 دن ہوتے ہیں۔

میونسپل ایکٹ کے s.284.12 کے مطابق، کونسل کا سربراہ (میئر) انتخاب کے عمل کے بغیر مقرر نہیں کیا جا سکتا۔میونسپل الیکشنز ایکٹ، 1996 کے مطابق، خالی عہدے کو پُر کرنے کے لیے ضمنی الیکشن منعقد کروایا جانا ضروری ہے۔

فوٹو:

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:
City of Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151